# ساقی میں تیرے صدقے مَے دے رَمضاں آیا!

(حافظ) افتخار احمد قادری



دنیا کی گردشِ ایام میں کچھ ساعتیں ایسی آتی ہیں جو صرف وقت کا حصہ نہیں ہوتیں بلکہ آسمانی عنایات کا عنوان اور ربانی نوازشات کا مظہر ہوتی ہیں۔ اسلامی سال کے بارہ مہینوں میں رمضان المبارک وہ مہینہ ہے جسے خالق کائنات نے اپنی خصوصی نسبت عطا فرمائی، نزولِ قرآن کی سعادت بخشی، مغفرت و رحمت اور نجات کا پیامبر بنایا۔ جیسے ہی شعبان المعظم کی آخری گھڑیاں سمٹتی ہیں اور رمضان المبارک کی آمد کی نوید سنائی دیتی ہے تو اہلِ ایمان کے دلوں میں ایک نورانی کیفیت جاگزیں ہوجاتی ہے۔ مساجد کے مینار منتظر دکھائی دیتے ہیں، گھروں میں سحری کی تیاریوں کا اہتمام شروع ہوجاتا ہے اور فضا میں ایک روحانی سرشاری محسوس ہونے لگتی ہے۔ یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب ایک عاشقِ صادق کی زبان سے بے ساختہ یہ صدا بلند ہوتی ہے: "ساقی میں تیرے صدقے مے دے رمضان آیا" یہ مصرع امام احمد رضا خان قادری علیہ الرحمہ کی والہانہ فکر کا مظہر ہے۔ اس شعر میں بھی بظاہر صوفیانہ انداز ہے مگر اس کے باطن میں بندہ مومن کی وہ تڑپ پوشیدہ ہے جو رمضان المبارک کی آمد پر اپنے رب سے مزید قرب، رحمت اور مزید نور کی طلبگار رہتی ہے۔ "ساقی" یہاں اس ذاتِ کریم کی طرف اشارہ ہے جو بندوں کو اپنے فضل و کرم سے نوازتی ہے، خطاؤں کو معاف کرتی ہے، تشنگانِ معرفت کو سیراب کرتی ہے۔ "مے" سے مراد وہ روحانی سرشاری ہے جو عبادت کی لذت، تلاوت کی حلاوت، ذکر کی مٹھاس اور دعا کی قبولیت سے پیدا ہوتی ہے۔ جب رمضان المبارک آتا ہے تو گویا رب کریم خود اپنے بندوں کو دعوت دیتا ہے کہ آؤ میں تمہیں رحمت کا جام پلاؤں، مغفرت کی شراب عطا کروں اور تقویٰ کی مے سے تمہارے دلوں کو سرشار کردوں۔

رمضان المبارک دراصل روح کی پیاس بجھانے کا مہینہ ہے۔ سال بھر کی غفلتیں، لغزشیں اور دنیاوی مشاغل انسان کے باطن پر گرد جما دیتے ہیں۔ دل کی زمین سخت ہو جاتی ہے اور آنکھوں کی نمی کم پڑ جاتی ہے۔ مگر جونہی رمضان المبارک کی ساعتیں وارد ہوتی ہیں تو گویا رحمت کی بارش برسنے لگتی ہے۔ روزہ انسان کے اندر تقویٰ کی شمع روشن کرتا ہے۔ سحری کی بیداری اسے نظم وضبط سکھاتی ہے، افطار کی گھڑی اسے شکرگزاری کا سبق دیتی ہے اور تراویح کی محفل اسے قرآن کے نور سے منور کردیتی ہے۔ یہی وہ مے ہے جس کی التجا عاشق اپنے ساقی سے کرتا ہے۔ یہ مہینہ قرآن مجید کا مہینہ ہے۔ اسی مقدس مہینے میں کلامِ الٰہی نازل ہوا جو قیامت تک کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ رمضان المبارک میں جب مساجد میں قرآن مجید کی تلاوت گونجتی ہے، حفاظِ کرام آیاتِ ربانی سناتے ہیں اور سامعین خشوع و خضوع سے سنتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ آسمان سے نور برس رہا ہے۔ بندہ جب سجدے میں گرتا ہے، جب آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اور دل گناہوں پر نادم ہوتا ہے تو یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب اسے روحانی سرشاری عطا کی جاتی ہے۔ رمضان المبارک صرف بھوک اور پیاس کا نام نہیں بلکہ ایک جامع تربیتی نظام ہے۔ یہ انسان کو صبر، تحمل اور برداشت کی مشق کراتا ہے۔ وہ اپنی زبان کو لغو باتوں سے روکتا ہے، اپنی نگاہ کو حرام سے بچاتا ہے اور اپنے دل کو حسد و کینہ سے پاک کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ گویا یہ مہینہ باطن کی صفائی اور کردار کی تعمیر کا عملی کورس ہے۔ یہی وہ کیفیت ہے جو انسان کو رب العالمین کے قریب لے جاتی ہے اور اس کی زندگی میں حقیقی انقلاب برپا کرتی ہے۔



رمضان المبارک کا ایک پہلو سماجی ہمدردی بھی ہے۔ جب انسان بھوک اور پیاس کی شدت محسوس کرتا ہے تو اسے غریبوں کی حالت کا احساس ہوتا ہے۔ زکوٰۃ اور صدقات کے ذریعے معاشرے میں توازن پیدا ہوتا ہے اور اخوت و مساوات کو فروغ ملتا ہے۔ افطار کی محفلیں محض دسترخوان نہیں ہوتیں بلکہ دلوں کو جوڑنے کا ذریعہ بنتی ہیں۔ اس طرح رمضان المبارک فرد اور معاشرہ دونوں کی اصلاح کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

آج کے مادی دور میں جہاں انسان اپنی خواہشات کا اسیر بن چکا ہے، رمضان اسے یاد دلاتا ہے کہ اصل کامیابی نفس کی غلامی میں نہیں بلکہ اس کی تربیت میں ہے۔ یہ مہینہ ہمیں بتاتا ہے کہ دنیا کی چمک دمک عارضی ہے اور دائمی کامیابی رب العالمین کی رضا میں مضمر ہے۔ اگر بندہ اس مہینے میں سچے دل سے توبہ کرلے، اپنے اعمال کا محاسبہ کر لے اور آئندہ کے لیے نیک عزم باندھ لے تو اس کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ ساقی میں تیرے صدقے مے دے رمضان آیا دراصل بندگی کا اعلان اور احتیاج کا اقرار ہے۔ یہ اس حقیقت کی یاددہانی ہے کہ بندہ اپنے رب کے فضل کا محتاج ہے۔ وہ جانتا ہے کہ رحمت کا دروازہ کھلا ہے، مغفرت کی ہوائیں چل رہی ہیں اور نجات کی راہیں روشن ہیں۔ اسے صرف اخلاص کے ساتھ ہاتھ بڑھانے کی دیر ہے۔ رمضان المبارک کی ساعتیں نہایت قیمتی ہیں۔ یہ مہینہ آتا ہے اپنے نور سے دلوں کو منور کرتا ہے اور پھر رخصت ہوجاتا ہے۔ خوش نصیب وہ ہیں جو اس کے لمحات کو غنیمت جان لیتے ہیں، اس کی راتوں کو قیام سے اور دنوں کو روزے سے آباد کرتے ہیں، جو اپنے رب سے لو لگاتے ہیں اور اپنی زندگی کو بدلنے کا عزم کرتے ہیں۔ الغرض رمضان المبارک صرف ایک مہینہ نہیں بلکہ زندگی کا رخ موڑ دینے والا موسمِ بہار ہے۔ یہ وہ ساعتِ سعادت ہے جس میں بندہ مومن کو اپنے باطن میں جھانکنے، اعمال کا محاسبہ کرنے اور اپنے رب کریم سے تعلق کو از سرِ نو استوار کرنے کا سنہری موقع عطا کیا جاتا ہے۔ سوال یہ نہیں کہ رمضان آیا یا نہیں، سوال یہ ہے کہ ہم رمضان المبارک میں آئے یا نہیں۔ چاند تو ہر سال طلوع ہوتا ہے، مساجد میں رونقیں بھی بڑھتی ہیں، تلاوت کی صدائیں بھی گونجتی ہیں، مگر اصل کامیابی اس کی ہے جس کا دل بدل جائے، جس کی آنکھ اشک بار ہوجائے اور جس کی زندگی اطاعت و بندگی کے سانچے میں ڈھل جائے۔ ہمیں سوچنا چاہیے کہ جب یہ مبارک مہینہ رخصت ہوگا تو ہمارے دامن میں کیا ہوگا؟ کیا ہم نے اپنے گناہوں سے سچی توبہ کی؟ کیا ہم نے اپنی نمازوں کی حفاظت کا عزم کیا؟ کیا ہم نے قرآنِ مجید سے وہ تعلق جو رمضان میں قائم ہوا اسے باقی رکھنے کی نیت کی؟ اگر رمضان المبارک کے بعد بھی ہماری صبحیں غفلت میں اور ہماری راتیں بے پروائی میں گزریں تو پھر ہم نے اس مہینے کے پیغام کو پوری طرح نہیں سمجھا۔ رمضان المبارک اس لیے نہیں آتا کہ چند دنوں کی عبادت کے بعد ہم پھر پہلے جیسے ہوجائیں بلکہ وہ اس لیے آتا ہے کہ ہماری پوری زندگی عبادت کا رنگ اختیار کرلے۔ بندگی صرف مخصوص اوقات کا نام نہیں بلکہ ہمہ وقت اطاعت کا نام ہے۔ روزہ ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ جب ہم اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جائز خواہشات کو ترک کر سکتے ہیں تو حرام کاموں سے بچنا تو اور بھی آسان ہونا چاہیے۔ تراویح ہمیں یاد دلاتی ہے کہ قرآن صرف سننے کے لیے نہیں بلکہ سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کے لیے نازل ہوا ہے۔ سحری کی بیداری ہمیں غفلت کی نیند سے جگانے کا استعارہ ہے اور افطار کی ساعت ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ صبر کے بعد راحت ضرور ملتی ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم رمضان المبارک کو رسم نہ بننے دیں بلکہ اسے اپنی اصلاح کا ذریعہ بنائیں۔ اپنے گھروں کو نماز اور تلاوت کا گہوارہ بنائیں، اپنی زبان کو ذکر و درود سے تر رکھیں، اپنے دلوں کو کینہ وحسد سے پاک کریں اور اپنے معاملات کو دیانت و صداقت سے مزین کریں۔ اگر ہم نے اس مہینے میں اپنے اندر تقویٰ کی شمع روشن کرلی تو یہی شمع سال بھر ہماری رہنمائی کرے گی۔ اگر ہم نے اپنے نفس کو قابو میں کرنا سیکھ لیا تو یہی ضبط ہمیں زندگی کے ہر امتحان میں کامیاب کرے گا۔ یاد رکھیے! رمضان کی رحمتیں بے کنار ہیں مگر یہ صرف اسی کے حصے میں آتی ہیں جو سچے دل سے طالب ہو۔ مغفرت کے دروازے کھلے ہیں مگر دستک دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ نجات کی راہیں روشن ہیں مگر ان پر چلنا ہمیں خود ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ مہینہ ہمارے سامنے سے گزر جائے اور ہم خالی ہاتھ رہ جائیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ قیامت کے دن ہم یہ حسرت کریں کہ کاش ہم نے رمضان کی قدر پہچانی ہوتی۔ پس آیئے! اس آخری ساعتوں میں اپنے ربِ کریم کے حضور جھک جائیں، اپنے گناہوں کا اعتراف کریں، اپنی کوتاہیوں پر ندامت کے آنسو بہائیں اور عہد کریں کہ ہم اپنی زندگی کو اس کے احکام کے مطابق ڈھالیں گے۔ یہی رمضان کا اصل پیغام ہے، یہی اس کی حقیقی مے ہے اور یہی وہ سرشاری ہے جس کی طلب میں ایک عاشق پکار اٹھتا ہے: ساقی میں تیرے صدقے مے دے رمضان آیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان المبارک کی قدر کرنے، اس کی رحمتوں سے بھرپور استفادہ کرنے اور اپنے دلوں کو نورِ ایمان سے منور کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہمیں بھی وہ روحانی سرشاری نصیب ہو جس کی التجا امام احمد رضا خان قادری علیہ الرحمہ نے اپنے شعر میں کی ہے۔ ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے، ہماری کوتاہیوں کو درگزر فرمائے اور ہمیں ان سعادت مند بندوں میں شامل فرمائے جو رمضان کے صدقے بخش دیے جاتے ہیں۔ آمین یارب العالمین۔

کریم گنج، پورن پور، پیلی بھیت، مغربی اتر پردیش

# رمضان ایک عظیم ربانی تحفہ

وسیم احمد



رمضان المبارک اللہ ربُّ العزت کی جانب سے عطا کردہ وہ نورانی تحفہ ہے جو دلوں کی ویرانیوں کو اجالا بخشتا اور روحوں کو تازگی عطا کرتا ہے۔ یہ وہ بابرکت مہینہ ہے جس کی ساعتوں میں نزولِ قرآن کی ضیا بکھری، جس کے لمحات میں خیر و برکت کی ہوائیں چلتی اور مغفرت کی بارش برستی ہے، اور جس کی شب و روز میں بندوں کے لیے جہنم سے رہائی کے پروانے تقسیم ہوتے ہیں۔ یہ ماہِ مقدس انسان کو اپنے باطن کے آئینے میں جھانکنے، نفس کا محاسبہ کرنے اور سادگی و ہمدردی کی راہوں پر گامزن ہونے کی دعوت دیتا ہے۔ اسی کے سایۂ رحمت میں تقویٰ کی کونپلیں پھوٹتی اور دل عبادت کی لذت سے آشنا ہوتے ہیں۔ روزے کی ریاضت اور تراویح کی روح پرور ساعتیں بندۂ مومن کو رفعتِ روح کی منازل تک پہنچاتی ہیں، یہاں تک کہ وہ اپنے خالق کے قرب کی خوشبو محسوس کرنے لگتا ہے۔ روزے کا سب سے اعلیٰ، بابرکت اور نفع بخش مقصد تقویٰ کا حصول ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''اے ایمان والو! تم پر روزہ فرض کیا گیا ہے جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیا گیا تھا، تاکہ تم متقی بن جاؤ'' یہ آیت روزے کی فرضیت کی حکمت اور اس کے اصل مقصد کو نہایت وضاحت سے بیان کرتی ہے۔ روزہ دراصل انسان کے نفس کی تربیت کا ایک عظیم ذریعہ ہے، جو اسے تقویٰ کی منزل تک پہنچانے کے لیے تیار کرتا ہے۔ جب بندہ اللہ کی رضا اور اجر کی امید میں اپنی جائز اور فطری خواہشات کو ترک کردیتا ہے تو اس کا نفس ضبط، صبر اور اطاعت کا خوگر بن جاتا ہے۔ یوں وہ حرام خواہشات سے بچنے اور نیکیوں پر ثابت قدم رہنے کی قوت حاصل کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کے آغاز میں فرمایا ''یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں، متقین کے لیے ہدایت ہے'' اس سے معلوم ہوا کہ تقویٰ وہ عظیم صفت ہے جو انسان کو ہدایت، فلاح اور کامیابی کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ تقویٰ گویا وہ مطلوبہ منزل ہے جس میں دنیا و آخرت کی تمام بھلائیاں سمٹ آتی ہیں۔ اہلِ تقویٰ حقیقی معنوں میں کامیاب، معزز اور باعزت لوگ ہیں۔ سلف صالحین کہا کرتے تھے: اگر بادشاہوں کو معلوم ہوجائے کہ ہم کس نعمت میں ہیں تو وہ اسے ہم سے چھیننے کی کوشش کریں۔

روزہ تقویٰ تک پہنچانے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے، کیونکہ اس میں نفس کو قابو میں رکھنا، خواہشات کو توڑنا اور اللہ کی اطاعت میں مشغول رہنا شامل ہے۔ روزہ دار کا دل اللہ کی طرف متوجہ رہتا ہے، اس کی عبادت میں اضافہ ہوتا ہے اور ایمان تازگی پاتا ہے۔ ابن القیم فرماتے ہیں کہ روزہ ظاہری اعضاء اور باطنی قوتوں کی حفاظت میں حیرت انگیز اثر رکھتا ہے۔ یہ انسان کو فاسد اور مضر امور سے بچاتا ہے اور دل وجسم کی صحت کو برقرار رکھتا ہے۔ تقویٰ بہترین زادِراہ، بہترین لباس اور ہر خیر کی بنیاد ہے۔



کامیابی، نصرت اور انجامِ خیر اہلِ تقویٰ ہی کے لیے ہے۔ قیامت کے دن نجات اور جنت کا داخلہ بھی انہی کے لیے ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں۔ حسن بصری فرماتے ہیں کہ متقی وہ ہیں جو اللہ کی حرام کردہ چیزوں سے بچتے اور اس کے فرض کردہ اعمال ادا کرتے ہیں۔ تقویٰ کی حقیقت یہ ہے کہ انسان ایمان اور ثواب کی نیت سے اللہ کی اطاعت کرے اور ایمان وخوفِ عذاب کے ساتھ اس کی نافرمانی سے بچے۔ طلق بن حبیب نے تقویٰ کی نہایت جامع تعریف یوں بیان کی کہ ''اللہ کے نور کی روشنی میں اس کی اطاعت کرنا اور اس کے نور کی روشنی میں اس کی نافرمانی سے بچنا۔ عمر بن عبدالعزیز فرماتے ہیں کہ تقویٰ صرف دن کا روزہ اور رات کا قیام نہیں، بلکہ حرام کو چھوڑ دینا اور فرض کو ادا کرنا ہے۔ اس کے بعد جو نیکی نصیب ہو وہ نورٌ علی نور ہے۔ میمون بن مہران کے مطابق بندہ اس وقت تک متقی نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے نفس کا کڑا محاسبہ نہ کرے اور یہ نہ دیکھ لے کہ اس کی روزی کہاں سے آرہی ہے۔ حضرت عمر بن خطاب نے ابی بن کعب سے تقویٰ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے مثال دی: کیا تم کبھی کانٹوں والے راستے پر چلے ہو؟ جب جواب اثبات میں ملا تو فرمایا: جیسے تم کپڑے سمیٹ کر احتیاط سے چلتے ہو، یہی تقویٰ ہے''۔ تقویٰ دراصل اپنے اور اللہ کے عذاب کے درمیان ایک مضبوط ڈھال قائم کرنے کا نام ہے۔ روزہ انسان کو اس شعور سے آشنا کرتا ہے کہ وہ تنہائی میں بھی اللہ کی نگرانی میں ہے۔ اگر دل میں تقویٰ نہ ہو تو انسان خواہشات کو کبھی ترک نہ کرے، لیکن تقویٰ اسے یاد دلاتا ہے کہ اس کا رب اسے دیکھ رہا ہے۔ اگر کسی کا روزہ صرف دن میں بھوکا رہنے اور رات کو شکم سیری تک محدود ہو، اور وہ اسراف وفضول خرچی میں مبتلا رہے، تو وہ تقویٰ کے مقصد سے محروم رہ جائے گا۔ رمضان المبارک امت کے لیے ایک ربانی تحفہ ہے: خود احتسابی، توبہ، دعا اور قرآن سے تعلق مضبوط کرنے کا سنہری موقع۔ رمضان کو غفلت، سستی اور نیند کا مہینہ نہ بنائیں، بلکہ اسے اصلاحِ نفس اور تقویٰ کے حصول کا ذریعہ بنائیں۔ جو شخص رمضان میں بھی اللہ سے نہ ڈرے اور اپنے دل کی اصلاح نہ کرے، وہ پھر کب کرے گا؟ سفیان ثوری فرماتے تھے کہ ''متقی اس لیے کہلاتے ہیں کہ وہ ان چیزوں سے بھی بچتے ہیں جن سے عام لوگ نہیں بچتے''۔ عبداللہ بن مبارک کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص بہت سی چیزوں سے بچے مگر ایک سے نہ بچے تو وہ متقین میں شمار نہیں ہوسکتا''۔ امام احمد بن حنبل نے فرمایا: تقویٰ یہ ہے کہ انسان خواہش ہونے کے باوجود کسی چیز کو اس اندیشے سے چھوڑ دے کہ کہیں وہ اسے گناہ میں مبتلا نہ کردے۔'' الغرض، تقویٰ ایمان کی روح، اعمال کی جان اور کامیابی کی کنجی ہے۔ روزہ اسی تقویٰ کے حصول کا عظیم ذریعہ ہے۔ جو شخص اخلاص، محنت اور خود احتسابی کے ساتھ رمضان گزارے گا، وہ یقیناً اس قیمتی گوہر کو پالے گا۔ اور یہی اس کی دنیا و آخرت کی حقیقی کامیابی ہے۔

□□□□□

# آدھی سیڑھیاں: ایک تجزیاتی مطالعہ

محمد بشیر
9906282957



طارق چھتاری کا افسانہ ''آدھی سیڑھیاں'' اردو افسانے میں ایک عبوری عہد کی نمائندہ تخلیق ہے، جس میں جاگیردارانہ وقار، خاندانی روایت، نسلی شناخت اور طبقاتی برتری بتدریج سرمایہ دارانہ نظام کے دباؤ میں تحلیل ہورہی ہے۔ یہ افسانہ محض ایک شادی، زمین کی فروخت اور شہر منتقلی کی کہانی نہیں بلکہ تہذیبی زوال، نفسیاتی شکست، طبقاتی طاقت کی منتقلی اور شناختی بحران کا ہمہ جہت بیانیہ ہے۔

بظاہر پلاٹ سادہ اور خطی ہے، مگر اس سادگی کے پس منظر میں ایک پورے تاریخی دور کی داخلی ٹوٹ پھوٹ پوشیدہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسے صرف سماجی حقیقت نگاری کا نمونہ قرار دینا ناکافی ہوگا؛ یہ دراصل ایک تہذیبی مرثیہ، نفسیاتی مطالعہ اور مارکسی تناظر میں طبقاتی تبدیلی کی داستان بھی ہے۔

جدیدیت محض وقت کے گزرنے کا نام نہیں بلکہ احساس اور ادراک کی تبدیلی ہے۔ طارق چھتاری نے دکھایا ہے کہ جدیدیت کس طرح پرانی اقدار کو ناکارہ ثابت کرکے انسان کو اس کی جڑوں سے کاٹتی ہے۔ ''آدھی سیڑھیاں'' دراصل اس ادھورے پن کی علامت ہیں، جہاں انسان نہ مکمل طور پر ماضی سے کٹ پاتا ہے اور نہ مستقبل میں جذب ہو پاتا ہے۔

کہانی کا آغاز احمد اور اس کی والدہ سعیدہ بیگم کے مکالمے سے ہوتا ہے۔ احمد علی گڑھ سے تعلیم مکمل کرکے واپس آیا ہے اور اس کی شادی طے ہوچکی ہے، مگر گھر کے معاشی حالات کمزور ہیں۔ سعیدہ بیگم روایتی شان وشوکت کے مطابق شادی کی خواہاں ہیں اور کہتی ہیں:

'اب شادی میں صرف ایک مہینہ باقی ہے اور تم نے روپیوں کا ابھی تک کوئی انتظام نہیں کیا۔ مہمانوں کو دعوت نامے بھی پہنچنے ہیں۔ ایک مہینہ پہلے سے تو مہمان داری جڑنا ہی چاہیے۔'

(ص-96) باغ کا دروازہ۔

یہ اقتباس محض گھریلو تقاضا نہیں بلکہ خاندانی وقار اور سماجی مرتبے کی علامت ہے۔ سعیدہ بیگم کے نزدیک شادی صرف ایک تقریب نہیں بلکہ روایت کے تسلسل کا مظہر ہے۔ یہاں سے نسلوں کا تصادم شروع ہوتا ہے۔ احمد حقیقت پسند ہے، مگر اس کی حقیقت پسندی میں اعتماد کی کمی ہے۔ وہ جانتا ہے کہ زمین بیچے بغیر اخراجات ممکن نہیں، مگر اس فیصلے کا نفسیاتی بوجھ اسے اندر سے توڑ رہا ہے۔

فرائیڈ کے تصورات کے مطابق سعیدہ بیگم اعلیٰ انا (Superego) کی نمائندگی کرتی ہیں جو اخلاقی اور خاندانی ضابطوں کی پاسداری چاہتی ہیں، جبکہ احمد انا (Ego) کی علامت ہیں جو خارجی دنیا کی مادی حقیقتوں سے نبرد آزما ہیں۔ ان دونوں کے درمیان کشمکش ہی افسانے کا اصل نفسیاتی تضاد ہے۔

احمد جب لالا دیوی سرن کے پاس جاتا ہے تو جھجکتے ہوئے کہتا ہے:

وہ بات یہ ہے کہ میں۔۔۔ میرا مطلب ہے امی جان نے رشتہ پکا کردیا ہے۔ ایک مہینے بعد کی تاریخ طے ہوگئی ہے۔'

(ص-97) باغ کا دروازہ۔

اس اقتباس میں جملوں کی ٹوٹ پھوٹ احمد کی داخلی شکست کی علامت ہے۔ مارکسی تنقید کے مطابق یہ طبقاتی طاقت کی منتقلی کا منظر بھی ہے۔ لالا دیوی سرن سرمایہ دارانہ ذہنیت کا نمائندہ ہے، زمین کو جذباتی وراثت نہیں بلکہ مالی اثاثہ سمجھتا ہے۔ احمد کی مجبوری اس کے لیے موقع ہے، اور زمین جو کبھی طاقت اور وقار کی علامت تھی، اب قرض اور منافع کی منطق میں سمٹ جاتی ہے۔

زمین سے وابستگی کا منظر کہانی میں نہایت اہم ہے۔ احمد جب کھیتوں کو دیکھتا ہے تو ماضی کی یادوں میں کھو جاتا ہے۔

بقول افسانہ نگار:

ابا حضور دالان میں بیٹھے فرشی حقہ پی رہے ہیں۔۔۔ اسے پشمینے کی شالوں اور کشمیری نمدوں میں بسی کافور کی مہک بہت اچھی لگتی ہے۔۔۔ یہ پیڑ دادا جان نے اپنے ہاتھوں سے لگایا تھا۔'

(ص-101) باغ کا دروازہ۔

یہ اقتباس محض یادداشت نہیں بلکہ تہذیبی فضا کی تخلیق ہے۔ خوشبو، اشیا اور درخت نسلوں کے تسلسل کی علامت ہیں۔ نفسیاتی سطح پر یہ احمد کے اعلیٰ انا کی نمائندگی کرتا ہے، مگر عملی مجبوری غالب آجاتی ہے۔ اس سے یہ بات بھی ظاہر ہوتی ہے کہ احمد کا دل اب بھی ان یادوں میں بسا ہے۔ لیکن اس سے معلوم ہے کہ یادوں سے پیٹ نہیں بھرتا اور نہ ہی شادی کے اخراجات پورے ہوتے ہیں۔ کافور کی مہک اور ریشمی لباس اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ ایک شاہینہ تہذیب کا حصہ تھے جو اب ختم ہورہی ہے۔

افسانے کا علامتی عروج گولیوں والے منظر میں سامنے آتا ہے:

احمد نے سامنے دیکھا، دور تالاب کے اس پار اس کے اپنے ہرے ہرے کھیت لہلہا رہے تھے۔ اس نے آنکھیں بند کرلیں اور جب کھولیں تو محسوس ہوا کہ صدیاں بیت گئی ہیں۔ اب بازی پلٹ گئی تھی۔ زمین پر بکھری ہری گولیاں غائب تھیں اور لال گولیاں چاروں طرف پھیلی ہوئی تھیں۔'

(ص-101) باغ کا دروازہ۔

یہاں سبز رنگ زراعت اور خودمختاری کا استعارہ ہے، سرخ رنگ حساب اور سرمایہ داری کی علامت ہے۔ 'بازی پلٹ گئی تھی' پورے افسانے کا فکری نچوڑ ہے۔ مارکسی تنقید کے مطابق یہ ذرائع پیداوار کی ملکیت کی منتقلی ہے، اور نفسیاتی اعتبار سے احمد کے داخلی انہدام کا لمحہ ہے۔

شہر منتقلی کے بعد فضا مکمل طور پر بدل جاتی ہے۔ حویلی سے فلیٹ تک کا سفر تہذیبی سکڑاؤ کی علامت ہے۔ سعیدہ بیگم کی کیفیت یوں بیان ہوتی ہے:

کمروں کی چھتیں اتنی نیچی کھسک آئیں کہ سعیدہ بیگم کا دم گھٹنے لگا۔ اس دن سعیدہ بیگم کو سخت کوفت ہوئی جب ان کا پیپل کا کٹورا انگریزی نسل کے پالتو کتے نے چاٹ لیا اور مانجھنے کے لیے ان کے گھر میں تو کیا پڑوس میں بھی راکھ نہ مل پائی۔

(ص-106) باغ کا دروازہ۔

پیپل کا کٹورا روایت کی علامت ہے اور انگریزی نسل کا کتا جدید تہذیبی اثرات کی نمائندگی کرتا ہے۔ راکھ کی عدم موجودگی پرانے طرزِ زندگی کے خاتمے کا استعارہ ہے۔ یہاں شناختی بحران نمایاں ہوتا ہے۔

سعیدہ بیگم اس افسانے کا سب سے طاقتور اور مظلوم کردار ہیں۔ وہ ایک ایسی عورت ہیں جو وقت اور حالات کے بدلنے کے باوجود خود کو بالکل نہیں بدلتیں۔ نسلی تصادم اس وقت نمایاں ہوتا ہے جب وہ بہو کے بازار جانے پر اعتراض کرتی ہیں:

بیٹے یہ تمہیں کیا ہوگیا؟ ہمارے خاندان میں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ بہو بازار۔۔۔

(ص-108) باغ کا دروازہ۔

احمد کی ہنسی روایت کے خاتمے کا اعلان ہے اور نسلوں کے درمیان ذہنی فاصلے کو واضح کرتی ہے۔

اختتام میں شہتوت کے درخت کے ساتھ منظر اہم ہے:

رات آدھی سے زیادہ ہوچکی تھی۔ احمد نے کروٹ لی۔۔۔ سعیدہ بیگم ہاتھ میں تسبیح لیے ادھر سے ادھر ٹہل رہی ہیں۔۔۔ وہ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے صحن کو پار کرکے باغیچے میں لگے شہتوت کے قریب پہنچیں، پانی سے بھری بالٹی اٹھائی اور شہتوت کے پیڑ میں انڈیل دی۔

(ص-110) باغ کا دروازہ۔

یہ افسانے کا سب سے جذباتی منظر ہے۔ سعیدہ بیگم کو معلوم تھا کہ ماضی میں یہ گھر ان کا نہیں رہے گا، اور وہ شہتوت کے پیٹ کو پانی دے کر اپنے دل کی بات کہہ رہی ہیں۔ شہتوت کا درخت نسلوں کے تسلسل کی علامت ہے اور پانی دینا ماضی کو آخری خراجِ عقیدت ہے۔ یہ منظر افسانے کا جذباتی اور معنوی نقطۂ عروج ہے۔

کردار نگاری کے لحاظ سے سعیدہ بیگم مرتی ہوئی تہذیب کی نمائندہ ہیں، احمد عبوری ذہنیت کا حامل ہے اور لالا دیوی سرن سرمایہ دارانہ نظام کی علامت۔ مکالمہ، داخلی خودکلامی، اشیائی علامت نگاری اور منظرکشی مہارت سے استعمال ہوئی ہیں۔ حویلی اور فلیٹ دو تہذیبی جہانوں کی نمائندگی کرتے ہیں اور تاریخی وقت ونفسیاتی وقت کے فرق کو واضح کرتے ہیں۔ شہری طرز زندگی، فلیٹ کلچر اور مغربی اثرات جدید تہذیب کی نمائندگی کرتے ہیں، اور انسانی سطح پر کشمکش کو گہرا کرتے ہیں۔


مجموعی طور پر، آدھی سیڑھیاں تہذیبی زوال، طبقاتی تبدیلی، نفسیاتی بحران اور نسلی تصادم کا جامع بیانیہ ہے۔ یہ افسانہ وقت کے ساتھ چلنے کی قیمت اور ترقی کے سفر میں انسانی شناخت کے نقصان پر غور کرنے پر مجبور کرتا، اور اسی وجہ سے اردو افسانے میں ایک دیرپا اور اہم مقام رکھتا ہے۔

ریسرچ اسکالر ڈاکٹر ہری سنگھ گور یونیورسٹی ساگر

**طارق چھتاری کا افسانہ "آدھی سیڑھیاں" اردو افسانے میں ایک عبوری عہد کی نمائندہ تخلیق ہے، جس میں جاگیردارانہ وقار، خاندانی روایت، نسلی شناخت اور طبقاتی برتری بتدریج سرمایہ دارانہ نظام کے دباؤ میں تحلیل ہو رہی ہے۔ یہ افسانہ محض ایک شادی، زمین کی فروخت اور شہر منتقلی کی کہانی نہیں بلکہ تہذیبی زوال، نفسیاتی شکست، طبقاتی طاقت کی منتقلی اور شناختی بحران کا ہمہ جہت بیانیہ ہے۔**

# معذور فوجیوں کی پنشن کو انکم ٹیکس کے دائرے میں لانے پر تنازع

## کرنل روہت نے مودی حکومت کی نیت پر سوال اٹھایا، کانگریس کا مودی حکومت کو 28 فروری تک الٹی میٹم، جنتر منتر پر دھرنا کا انتباہ




**کرنل روہت چودھری نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ:**
1922 کے ضابطے کے تحت جو سپاہی معذوری کے باوجود اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں ان کی معذوری پنشن کو انکم ٹیکس سے باہر رکھا جائے۔
2023 میں جو نئی معذوری پالیسی لائی گئی ہے اسے فوری طور پر واپس لیا جائے۔
معذوری پنشن کے اندر کسی بھی قسم کی کوئی درجہ بندی نہیں ہونی چاہیے۔

نئی دہلی۔(ایجنسی) کانگریس ہیڈکوارٹر میں کرنل روہت چودھری اور کرنل ایس پی سنگھ نے پریس کانفرنس کر مودی حکومت کے نئے فیصلے پر سوال اٹھایا ہے۔ دراصل مودی حکومت فوجیوں کی معذوری پنشن کو انکم ٹیکس کے دائرے میں لانے جارہی ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران کرنل چودھری نے کہا کہ ''ملک کے سابق فوجیوں کا ایک وفد راہل گاندھی جی سے ملا تھا اور اپنی باتیں ان کے سامنے رکھی تھیں۔ جنرل ستبیر سنگھ جی نے بھی کہا ہے کہ 'ڈس ایبلٹی پنشن' (معذوری پنشن) کو ختم کرنا نیشنل سیکورٹی کا مسئلہ ہے۔ ہمارے جوان تمام تر فکروں کو درکنار کر ملک کی حفاظت کرتے ہیں، اس لیے ہم سب چین کی نیند سو پاتے ہیں۔ حکومت کے اس فیصلے سے جوانوں کا حوصلہ ٹوٹ جائے گا۔ خود کو قوم پرست بتانے والی مودی حکومت آج فوجیوں کی معذوری پنشن کو انکم ٹیکس کے دائرے میں لانے کا کام کررہی ہے۔''

کرنل روہت چودھری نے کہا کہ ''جنرل سیم مانیکشا ہمارے فیلڈ مارشل رہے۔ برما مہم کے دوران انہیں پیٹ میں 9 گولیاں لگی تھی۔ مگر انہوں نے پورے جذبے کے ساتھ خدمات انجام دیں اور پاکستان کو 2 حصوں میں تقسیم کرنے میں اپنا اہم تعاون دیا۔ ہمارے ملک کے بہت سے نوجوانوں نے معذوری کی حالت میں خدمات انجام دیں اور بڑے بڑے عہدوں پر فائز رہے۔ فوج کے کئی افسران معذوری کے بعد بھی سروس میں برقرار رہے اور پورے احترام کے ساتھ ریٹائر ہوئے۔ ان افسران اور جوانوں کو سروس میں برقرار رکھنے کا مقصد فوج اور جوانوں کے درمیان جذبہ پیدا کرنا ہوتا ہے۔'' کرنل روہت کے مطابق 1922 میں انکم ٹیکس ایکٹ بنا، جس میں کچھ کیٹیگریز میں ٹیکس کی چھوٹ دی گئی۔ ان میں جنگ کے دوران لگنے والی چوٹ، زخمی فوجیوں اور ڈیوٹی کے دوران پیش آنے والے حادثات جیسی کئی رعایتیں شامل تھیں۔ 1961 میں جب انکم ٹیکس ایکٹ دوبارہ بنا، تو اس میں بھی واضح کیا گیا کہ جوانوں کی معذوری کو ٹیکس سے باہر رکھا جائے گا۔ لیکن اب مودی حکومت معذوری پنشن کو انکم ٹیکس کے دائرے میں لانے جارہی ہے۔''

کرنل روہت نے حکومت کی نیت پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت کے نئے انکم ٹیکس ایکٹ میں اس کی بدنیتی واضح طور پر دکھائی دیتی ہے، جس میں وہ معذوری پنشن سے متعلق پرانی دفعات کو ختم کر رہی ہے۔ 1961 میں پنڈت نہرو کے دور میں فوجیوں کی معذوری پنشن کو انکم ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا تھا۔ لیکن اب مودی حکومت کہہ رہی ہے کہ جو سپاہی جنگ میں زخمی ہونے کی وجہ سے ملازمت سے باہر ہیں، صرف ان کی معذوری پنشن کو ٹیکس کے دائرے سے باہر رکھا جائے گا۔ جبکہ وہ سپاہی جو زخمی ہونے کے باوجود فوج میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں، ان کی معذوری پنشن ٹیکس کے دائرے سے باہر نہیں ہوگا۔ 2023 میں سپریم کورٹ نے کہا کہ حکومت فوجیوں کی معذوری پنشن کو انکم ٹیکس کے دائرے میں نہیں لاسکتی ہے، تو مودی حکومت 2023 میں ایک نئی معذوری پالیسی لے کر آئی اور کہا کہ آج سے معذوری پنشن کو 'امپیئرمنٹ ریلیف' کہا جائے گا۔ ایسے میں 2023 کے بعد سے حاضر سروس فوجیوں کو معذوری پنشن نہیں بلکہ 'امپیئرمنٹ ریلیف' دیا جائے گا۔ جیسے ہی حکومت نے نام بدلا، معذوری پنشن خود بخود انکم ٹیکس کے دائرے میں آگئی اور اس طرح حکومت نے فوجیوں کے احترام کو پامال کرنے کا کام کیا ہے۔

کرنل روہت نے زور دے کر کہا کہ ''جب کوئی جوان جنگ پر جائے تو اسے یقین ہو کہ حکومت اس کے خاندان کے ساتھ کھڑی رہے گی، لیکن مودی حکومت کی نیت میں ہی کھوٹ ہے۔ حکومت اگر اپنے سرمایہ دار دوستوں کے لاکھوں کروڑوں روپے معاف کر سکتی ہے تو فوجیوں کے لیے 125-100 کروڑ بھی دیے جاسکتے ہیں۔'' ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ ''راہل گاندھی جی نے وعدہ کیا ہے کہ وہ حکومت پر دباؤ ڈالیں گے اور کانگریس کے برسر اقتدار آتے ہی معذوری پنشن کو ٹیکس کے دائرے سے باہر کیا جائے گا۔ ہم جانتے ہیں کہ نریندر مودی 'کمپرومائزڈ' ہیں، لیکن کانگریس کے لاکھوں کارکن اور ملک کی عوام اپنے فوجیوں کے مان و وقار کے لیے ضرور آواز اٹھائے گی۔''

کرنل روہت چودھری کے مطابق سوال یہ ہے کہ کسی فوجی کی معذوری پنشن یا اس کا معذوری کا الاؤنس اس کی آمدنی ہوسکتی ہے؟ اگر مودی حکومت یہ کہتی ہے کہ معذوری پنشن یا معذوری کا الاؤنس فوجی کی آمدنی ہے، تو اس سے زیادہ شرمناک بات اور کوئی نہیں ہوسکتی۔ یہ فوجیوں کی توہین ہے اور ان کے وقار پر حملہ ہے۔ ہمارے ملک میں تقریباً 2 لاکھ معذور فوجی ہیں۔ تقریباً 50 لاکھ حاضر سروس، سابق فوجی اور جنگی بیوائیں ہیں۔ یعنی تقریباً 58 لاکھ لوگوں کی توہین کی جارہی ہے۔ مودی حکومت محض سو-سوا سو کروڑ روپے کے خرچ کے لیے ملک کے فوجیوں کے عزت و وقار کے ساتھ کھلواڑ کررہی ہے۔

# بنگلہ دیش: ہندوستان کے سیکرٹری خارجہ کی امیر جماعت اسلامی سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو



نئی دہلی/ڈھاکہ (ایجنسی) بنگلہ دیش کے نئے وزیر اعظم طارق رحمان کی تقریب حلف برداری کے موقع پر ہندوستان کے سیکرٹری خارجہ وکرم مصری نے ڈھاکہ میں جماعت اسلامی کے امیر ڈاکٹر شفیق الرحمن سے اخلاقی ملاقات کی۔ یہ معلومات بنگلہ دیش میں ہندوستانی ہائی کمیشن نے ایک سرکاری فیس بک پوسٹ میں دی ہے۔ خارجہ سکریٹری نے ڈاکٹر رحمان کو ان کی نئی ذمہ داری کے لیے مبارکباد دی اور بنگلہ دیش کے لیے ہندوستان کی مسلسل حمایت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو عوام پر مبنی قرار دیتے ہوئے مزید تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر شفیق الرحمن نے دونوں ممالک کے درمیان گہرے تہذیبی تعلقات کا بھی ذکر کیا اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی امید ظاہر کی۔ تقریب حلف برداری میں لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے بھی ہندوستان کی نمائندگی کی۔ انہوں نے وزیر اعظم طارق رحمان سے ملاقات کرکے وزیر اعظم نریندر مودی کی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ہندوستان کے دورے کی دعوت دی۔ برلا نے کہا کہ ہندوستان ایک جمہوری، ترقی پسند اور جامع ملک کی تعمیر کی کوششوں میں بنگلہ دیش کی حمایت کے لیے تیار ہے۔ ہندوستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ریاض حمید اللہ نے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے دورے کی تعریف کی۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر کہا کہ دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے خط میں طارق رحمان کو ہندوستان آنے کی دعوت دی ہے اور ان کی اہلیہ زبیدہ رحمن اور بیٹی زائمہ کو بھی ان کے ساتھ آنے کی درخواست کی۔ خط میں انہوں نے بنگلہ دیش کی ترقی اور خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## اقوامِ متحدہ نے بنگال کے چاول کی تین اقسام کو عالمی سطح پر تسلیم کرلیا

کولکاتہ، (یو این آئی) اقوامِ متحدہ نے مغربی بنگال کی تین روایتی چاول کی اقسام گوبندو بھوگ، تلائی پنجی اور کنکچور کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم کر لیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ ممتا بنرجی نے بدھ کے روز سوشل میڈیا پر یہ معلومات شیئر کرتے ہوئے اسے ریاست کے لیے فخر کا لمحہ قرار دیا۔ اقوامِ متحدہ نے ریاستی حکومت کے فلیگ شپ پروجیکٹ 'ماٹی سرِشٹی' کو بھی منظوری دی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے سوشل میڈیا پر لکھا، ''یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ اقوامِ متحدہ نے ہماری کوششوں کو ایک بار پھر تسلیم کیا ہے۔ عالمی ادارے کے خوراک و زراعت کے شعبے نے ہمارے اختراعی ماٹی سرِشٹی پروگرام میں سماجی پہل کے لیے ہمیں بین الاقوامی سطح کا سرٹیفکیٹ دیا ہے۔'' وزیرِ اعلیٰ کے مطابق، اقوامِ متحدہ نے عالمی غذائی ثقافت کی پہچان کے حصے کے طور پر ان تین خوشبودار چاول کی اقسام کو ہیریٹیج کا درجہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعزاز دیہی بنگال کے لوگوں خاص طور پر کسانوں کے نام ہے۔ ممتا بنرجی نے یہ بھی اعلان کیا کہ تنظیم نے 'ماٹی سرِشٹی' کو عالمی شناخت دی ہے۔ اس پہل کا مقصد مغربی اضلاع میں بنجر اور ایک فصل والی زمین کو قابلِ کاشت بنانا ہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ گوبندو بھوگ چاول اپنی منفرد خوشبو اور ذائقے کے لیے مشہور ہے۔

# امتیاز جلیل کا مسلم ریزرویشن کیلئے سڑکوں پر آنے کا مطالبہ، مذہبی رہنماؤں پر تنقید



اورنگ آباد، (یو این آئی) آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین (اے آئی ایم آئی ایم) کے رہنما اور سابق رکن پارلیمنٹ امتیاز جلیل نے مسلم ریزرویشن کے تحفظ کے لیے مذہبی رہنماؤں اور مسلم برادری کے بااثر افراد سے سڑکوں پر اترنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو مذہبی قائدین انتخابات کے دوران برادری کو مخصوص جماعتوں یا امیدواروں کو ووٹ دینے کا مشورہ دینے کے لیے متحرک ہوتے ہیں، انہیں اب ریزرویشن کے حق کے تحفظ کے لیے عملی جدوجہد بھی کرنی چاہیے۔ امتیاز جلیل نے کہا کہ ریاستی حکومت نے حال ہی میں معاشی طور پر پسماندہ (ای بی سی) زمرے کے تحت مسلمانوں کو دیا گیا 5 فی صد ریزرویشن واپس لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے پر بات کرتے ہوئے انہوں نے مسلم برادری کے بعض بااثر افراد، خصوصاً مذہبی رہنماؤں پر تنقید کی کہ وہ اپنی سرگرمیوں کو صرف انتخابی موسم تک محدود رکھتے ہیں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ اے آئی ایم آئی ایم نے مراٹھا برادری کی ریزرویشن تحریک کی حمایت کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ برہمن برادری کے تمام افراد خوشحال نہیں ہیں، ان میں سے کئی تعلیم حاصل کرنے کی خواہش رکھتے ہیں مگر مالی وسائل کی کمی کا سامنا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان کے لیے بھی ریزرویشن کی حمایت کرتے ہیں، اور یہی سماجی و معاشی حالات مسلم برادری کے بعض طبقات پر بھی لاگو ہوتے ہیں۔ ان کا موقف تھا کہ ریزرویشن کا تعین آمدنی اور معاشی بنیادوں پر ہونا چاہیے۔ امتیاز جلیل نے مزید الزام عائد کیا کہ مسلم برادری کے بااثر افراد، خاص طور پر مذہبی رہنما، صرف انتخابات کے دوران نمایاں طور پر سرگرم نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سب جانتے ہیں کہ وہ اس وقت کیوں متحرک ہوتے ہیں۔ انہوں نے ان سے مطالبہ کیا کہ اب آگے بڑھ کر مسلم ریزرویشن کے تحفظ کے لیے احتجاج کی قیادت کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر مذہبی رہنما سڑکوں پر نکلیں گے تو ہم ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے، بصورت دیگر ہم خود برادری کے مفاد میں تحریک شروع کریں گے۔ امتیاز جلیل نے کہا کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم برادری کے مسائل کے لیے سڑکوں پر جدوجہد کریں اور انتخابات کے وقت کچھ لوگ اپنا اثر و رسوخ دوسروں کے حق میں ووٹ دلانے کے لیے استعمال کریں۔

# مہاراشٹر: مسلم ریزرویشن کرنا اقلیتوں کے ساتھ سنگین غلطی اور ناانصافی

## کانگریس نے مہاراشٹر میں اقلیتوں کے پسماندہ طبقات کا ریزرویشن ختم کرنے کے فیصلے پر تنقید کی



ممبئی، (یو این آئی) مہاراشٹر کے سابق وزیر اور کانگریس ورکنگ کمیٹی کے رکن نسیم خان نے ریاست کی بھارتیہ جنتا پارٹی کی قیادت والی حکومت کے اس فیصلے کی سخت مخالفت کی ہے، جس کے تحت ریاست میں اقلیتوں کے پسماندہ طبقات کو تعلیم میں ملنے والا پانچ فیصد ریزرویشن ختم کردیا گیا ہے۔ نسیم خان نے تلک بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریاستی حکومت کے اس فیصلے کو اقلیتوں کے ساتھ سنگین غلطی اور ناانصافی قرار دیا اور کہا کہ بی جے پی کی قیادت والی مہایوتی حکومت نے اس اقدام کے ذریعے ایک بار پھر اپنا پسماندہ اور اقلیت مخالف چہرہ ظاہر کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2014 میں کانگریس کی قیادت والی اتحادی حکومت نے مسلم برادری کے اندر پسماندہ طبقات کو تعلیم اور ملازمتوں میں پانچ فیصد ریزرویشن دینے کا آرڈیننس جاری کیا تھا۔ بمبئی ہائی کورٹ نے مسلم پسماندہ طبقات کے لیے پانچ فیصد تعلیمی ریزرویشن کے حق میں عبوری حکم دیا تھا، جسے تعلیمی سال 15-2014 میں نافذ کیا گیا، تاہم بعد میں بی جے پی حکومت نے اس عدالتی حکم کو نافذ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے کو مسلسل اٹھایا گیا اور اس وقت بی جے پی حکومت نے یقین دہانی بھی کرائی تھی مگر اسے پورا نہیں کیا گیا۔ نسیم خان نے الزام لگایا کہ بی جے پی حکومت نے ریاست میں اقلیتوں کے لیے کانگریس قیادت والی حکومت کی شروع کردہ تمام اسکیمیں بند کردی ہیں۔ طلبہ کے لیے وظیفہ اسکیم شروع کی گئی تھی مگر ان منصوبوں کی فنڈنگ روک دی گئی۔ ان کے مطابق اس کے لیے سالانہ تقریباً 90 کروڑ روپے درکار تھے لیکن حکومت نے صرف 20 کروڑ روپے مختص کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقلیتوں میں صرف مسلمان ہی شامل نہیں بلکہ جین، سکھ اور پارسی برادریاں بھی اس میں شامل ہیں۔

# 'عمران خان کے بارے میں سن کر دکھ ہوا'

## پاکستان کے سابق وزیر اعظم کی بگڑتی صحت پر محمد اظہر الدین کا بھی اظہارِ تشویش



حیدرآباد۔ پاکستان کی جیل میں قید سابق کرکٹر اور سابق وزیر اعظم عمران خان کی مسلسل بگڑتی ہوئی صحت کے متعلق پوری دنیا کی کرکٹ برادری فکر مند ہے۔ ان کے ساتھ میدان میں مقابلہ کرنے والے کئی سابق کرکٹرز نے کھل کر ان کی حمایت کی ہے، پاکستانی حکومت سے انہیں مناسب طبی امداد اور باوقار حالات فراہم کرنے کے متعلق خط بھی لکھا ہے۔ اب سابق کپتان محمد اظہر الدین نے بھی عمران خان کی صحت کے متعلق تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ ان کے ساتھ احترام سے پیش آنا چاہیے۔ ہندوستانی ٹیم کے سابق کپتان محمد اظہر الدین نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ ''عمران بھائی کے بارے میں سن کر بہت دکھ ہوا۔ کرکٹ میں ہم نے کئی لمحات ساتھ گزارے ہیں، اور ایک ساتھی کھلاڑی کے طور پر جس نے ان کے ساتھ پلیٹ فارم شیئر کیا اور ان سے سیکھا ہے، میں دل سے اپیل کرتا ہوں کہ ان کے ساتھ احترام سے پیش آیا جائے۔ ان کی اچھی صحت اور ان کے اہل خانہ کی ہمت کے لیے دعا گو ہوں۔''

اظہر الدین کی طرح ہندوستانی ٹیم کے دیگر سابق کپتان سورabh گانگولی نے بھی عمران خان کے مناسب علاج کے مطالبے کی حمایت کی ہے۔ گانگولی نے منگل (17 فروری) کو کئی سابق بین الاقوامی کپتانوں کی جانب سے عمران خان کے لیے بین الاقوامی معیارات کے مطابق بہتر علاج اور باوقار حالات فراہم کرنے کی اپیل کی تائید کی۔ سورabh گانگولی نے اپنی اپیل میں کہا کہ کرکٹر سے سیاستداں بنے عمران نے پاکستان کے لیے بطور کپتان اور وزیر اعظم اہم کردار ادا کیا ہے، ایسے میں ان کی صحت کا خیال رکھا جانا چاہیے۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ ''سابق کپتانوں نے جو اپیل کی ہے، وہ صحیح قدم ہے۔ مجھے امید ہے کہ ان کی صحت بہتر ہوگی اور انہیں مناسب علاج ملے گا۔'' واضح رہے کہ اس سے قبل سنیل گواسکر اور کپل دیو سمیت دنیا بھر کے 14 سابق کپتانوں نے بھی طویل عرصے سے جیل میں بند عمران خان کی مسلسل بگڑتی ہوئی صحت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ساتھ ہی پاکستانی حکومت سے خط لکھ کر درخواست کی ہے کہ انہیں بین الاقوامی معیارات کے مطابق بہتر علاج اور باوقار حالات فراہم کیے جائیں۔ اس خط پر سنیل گاوسکر اور کپل دیو کے علاوہ ایلن بارڈر، ڈیوڈ گاور، مائیکل ایتھرٹن، گریگ چیپل، ایان چیپل، کلائیو لائیڈ، اسٹیو وا، مائیکل بریئرلی، بیلینڈا کلارک، کم ہیوز، ناصر حسین اور جان رائٹ نے بھی دستخط کیے ہیں۔

# اجیت پوار طیارہ حادثہ کی شفاف جانچ کا مطالبہ

## مہاراشٹر کو سچ جاننے کا حق ہے: سپریہ سولے

پونے، (یو این آئی) رکن پارلیمنٹ سپریہ سولے نے کہا ہے کہ اجیت پوار کے طیارہ حادثے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ جانچ پورے مہاراشٹر کی خواہش ہے اور اس واقعے کے پس منظر میں جو بھی حقیقت ہے وہ سامنے آنی چاہیے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ آخرکار سچ ضرور آشکار ہوگا۔ سپریہ سولے نے بتایا کہ روہت پوار اس معاملے کی مسلسل اور سنجیدگی کے ساتھ پیروی کررہے ہیں کیونکہ ان کا ماننا ہے کہ جو کچھ ان کے خاندان کے ساتھ پیش آیا، وہ آئندہ کسی اور کے ساتھ نہ ہو۔ ان کے مطابق یہ صرف خاندان کا مطالبہ نہیں بلکہ پورے مہاراشٹر کی خواہش ہے کہ اس حادثے کی شفاف تحقیقات کی جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ خاندان اجیت پوار کے انتقال کو سیاسی مسئلہ نہیں بنانا چاہتا۔ ان کا کہنا تھا کہ خاندان کے سربراہ کا نقصان سیاست کا موضوع نہیں ہوسکتا، تاہم طیارہ حادثے سے متعلق روزانہ نئی معلومات سامنے آرہی ہیں جس کے باعث عوام کے ذہنوں میں شکوک پیدا ہورہے ہیں۔ ان شبہات کو دور کرنے کے لیے شفاف جانچ ناگزیر ہے۔ این سی پی کے ممکنہ انضمام سے متعلق قیاس آرائیوں پر، جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا این سی پی (اجیت پوار دھڑا) کے قومی کارگزار صدر پرفل پٹیل اور ریاستی صدر سنیل تٹکرے دونوں دھڑوں کے انضمام میں رکاوٹ بن رہے ہیں، تو سپریہ سولے نے مختصر جواب دیتے ہوئے کہا، ''رام کرشنا ہری''۔ انہوں نے مزید کہا کہ جن کے ساتھ پہلے بات چیت ہوتی تھی اب وہ ''ہمارے بھائی نہیں رہے'' اور اس موضوع پر مزید تبصرہ کرنے سے گریز کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دادا کھلے ذہن کے مالک تھے۔

# سابق آئی اے ایس افسر شانت منو جموں و کشمیر کے نئے ریاستی الیکشن کمشنر مقرر



سری نگر۔ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سابق سینئر آئی اے ایس افسر شانت منو کو مرکز کے زیر انتظام علاقے کا نیا ریاستی الیکشن کمشنر مقرر کیا ہے۔ لوک بھون (گورنر ہاؤس) کی جانب سے منگل کو جاری ایک حکم میں کہا گیا ہے کہ جموں و کشمیر پنچایتی راج ایکٹ 1989 کے سیکشن 36 کی ذیلی دفعہ (3) کے ذریعے حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر نے آئی اے ایس (ریٹائرڈ) شانت منو کو جموں و کشمیر کا ریاستی الیکشن کمشنر مقرر کیا ہے۔ وہ 5 سال کی مدت کے لیے یا 70 سال کی عمر تک پہنچنے تک (جو بھی پہلے ہو) جموں و کشمیر کے ریاستی الیکشن کمشنر کے عہدے پر برقرار رہیں گے۔ لیفٹیننٹ گورنر سنہا کے ذریعہ جاری حکم میں کہا گیا ہے کہ ریاستی الیکشن کمشنر کی تقرری سابق سینئر آئی اے ایس افسر شانت منو کے چارج سنبھالنے کی تاریخ سے موثر ہوگی۔ ان کی تقرری کی شرائط و ضوابط کے بارے میں حکومت بعد میں مطلع کرے گی۔ شانت منو 31 دسمبر 2025 کو جموں و کشمیر کے فائنانس کمشنر (ایڈیشنل چیف سکریٹری) کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ 1984 بیچ کے آئی اے ایس افسر بی آر شرما کو پہلے جموں و کشمیر اسٹیٹ الیکشن کمشنر کے طور پر تعینات کیا گیا تھا اور انہوں نے گزشتہ سال استعفیٰ دے دیا تھا۔ ریاستی الیکشن کمشنر کے طور پر شانت منو کی تقرری سے جموں و کشمیر میں پنچایتی انتخابات کے انعقاد کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔

# بہار: این ای ای ٹی طالبہ کی موت معاملے میں جانچ تیز

## ایک اور دھمکی آمیز خط ملنے سے متاثرین دہشت میں

پٹنہ۔ جہان آباد کی ایک این ای ای ٹی طالبہ کی مشتبہ موت کے معاملے میں سنٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) نے تحقیقات تیز کردی ہے جبکہ متاثرہ کے خاندان کو ایک اور جان سے مارنے کی دھمکی ملی ہے، جس سے خوف و ہراس میں اضافہ ہوگیا ہے۔ منگل کے روز سی بی آئی کی ٹیم نے پہلے پٹنہ میں شمبھو گرلز ہاسٹل کا معائنہ کیا اور بعد میں جہان آباد میں طالبہ کے آبائی گھر کا دورہ کیا۔ تحقیقات کے دوران متوفی طالبہ کے بھائی کو پوچھ گچھ کے لیے پٹنہ لے جایا گیا ہے۔ دریں اثنا جہان آباد میں خاندان کے گھر کے قریب سے ملنے والے ایک اور دھمکی آمیز نوٹ نے خاندان کو مزید خوفزدہ کردیا ہے۔ ہاتھ سے لکھے گئے نوٹ میں مبینہ طور پر دھمکی دی گئی ہے کہ ''اگر تم یقین نہیں کروگے... بیٹی چلی گئی، اب بیٹا بھی دو دن میں مرجائے گا۔'' خاندان کے اراکین نے کہا کہ یہ دوسری دھمکی ہے۔ اس سے پہلے 14 فروری کو بھی اسی طرح کا نوٹ ان کے گھر کے باہر پھینکا گیا تھا۔ ان کے مطابق حفاظتی انتخابات کے باوجود مبینہ طور پر گاؤں کے کسی شخص نے گھر کے باہر پھر سے نوٹ پھینکا ہے۔ بار بار مل رہی دھمکیوں نے خاندان کی حفاظت کے بارے میں سنگین خدشات پیدا کردیے ہیں۔ شکورآباد تھانے سے مقامی پولیس کو اب گھر پر تعینات کردیا گیا ہے۔ شکورآباد اسٹیشن ہاؤس آفیسر راہل کمار نے تصدیق کی کہ خاندان نے شکایت درج کرائی ہے اور کہا کہ پولیس اس بات کی تحقیقات کررہی ہے۔

# تریپورہ: منریگا کی بحالی کے لیے کانگریس کا احتجاج، مرکز پر دیہی روزگار گارنٹی کو کمزور کرنے کا الزام



اگرتلہ: بی جے پی زیر قیادت مرکزی حکومت پر مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ (منریگا) کو کمزور کرنے اور منصوبہ بند طریقے سے واپس لینے کا الزام لگاتے ہوئے اپوزیشن کانگریس نے اگرتلہ میں زبردست ریلی نکالی اور حکومت کی عوام مخالف پالیسیوں کی تنقید کی۔ کانگریس کے جھنڈے اور بینر سے رنگین سوامی وویکانند میدان سے شروع ہونے والی اس ریلی میں پارٹی کے سینئر رہنماؤں کی قیادت میں کانگریس کے سینکڑوں حامیوں نے شرکت کی۔ حالانکہ لوک بھون (گورنر ہاؤس) کی طرف مارچ کرنے والے مظاہرین کو پولیس نے سخت سیکورٹی کے درمیان بدھ مندر علاقے میں روک دیا۔ اس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی کانگریس کے صدر آشیش کمار ساہا، سابق وزیر اور ممبر اسمبلی سدیپ رائے برمن اور ممبر اسمبلی براجت سنہا سمیت پارٹی کے سینئر لیڈران نے منریگا کو منصوبہ بند طریقے سے کمزور کرنے کے لیے مرکزی حکومت پر سخت تنقید کی۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کانگریس ورکنگ کمیٹی کے رکن رائے برمن نے منریگا کو 2005 میں کانگریس کی قیادت والی یو پی اے حکومت کی طرف سے شروع کی گئی ایک 'تاریخی اسکیم' قرار دیا اور الزام لگایا کہ شہریوں کو روزگار مانگنے کی اجازت دینے والے مخصوص قوانین کو کمزور کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت روزگار ملنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنچایتوں میں پہلے سے موجود مالیاتی اور منصوبہ بندی کے اختیارات کو کم کردیا گیا ہے اور اب ریاستوں کو 40 فیصد تک اخراجات برداشت کرنا پڑرہا ہے جس سے غریب ریاستوں پر منفی اثر پڑرہا ہے۔ رائے برمن نے کہا کہ جب ریاستیں اس بوجھ کو برداشت کرنے میں ناکام رہتی ہیں تو غریب دیہی عوام کو تکلیف ہوتی ہے۔ جو لوگ منریگا پر انحصار کرتے ہیں وہ روزی روٹی کے مواقع کھو دیتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس نے گورنر کو ایک میمورنڈم پیش کیا ہے جس میں ایکٹ کے مناسب نفاذ کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ کانگریس لیڈر نے تریپورہ قبائلی علاقہ جات خودمختار ضلع کونسل (ٹی ٹی اے اے ڈی سی) کے ضروری انتخابات سے قبل بی جے پی اور اس کی حلیف ٹپرا موتھا پارٹی (ٹی ایم پی) کے درمیان جاری رسہ کشی کو بھی نشانہ بنایا اور اسے براہ راست طور پر 'سیاسی ڈرامہ' قرار دیا۔ کانگریس لیڈروں نے کہا کہ ٹی ٹی اے اے ڈی سی انتخابات سے قبل سیاسی ڈرامہ بحثوں پر حاوی ہوا ہے۔ وہیں دیہی روزگار اور سماجی تحفظ جیسے اہم مسائل کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔ بعدازاں 6 رکنی وفد نے لوک بھون میں گورنر اندرا سینا ریڈی نالو سے ملاقات کی اور اپنے مطالبات اور خدشات پر مشتمل ایک میمورنڈم پیش کیا۔ کانگریس نے روزگار اور روزی روٹی مشن (دیہی) کے لیے نئے نافذ شدہ 'وکست بھارت گارنٹی' کو واپس لینے کا مطالبہ کیا۔

# حکومتی احکامات پر عمل نہ کرنا سروس رولز کی خلاف ورزی ہے

## اترپردیش اسمبلی اسپیکر کا افسران کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ



لکھنؤ: 18 فروری (یو این آئی) اترپردیش ودھان سبھا کے اسپیکر ستیش مہانا نے سرکاری احکامات پر عمل درآمد میں کوتاہی برتنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ بدھ کو جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر افسران اراکینِ اسمبلی سے متعلق حکومتی احکامات پر عمل درآمد یقینی نہیں بنا رہے تو یہ سروس رولز کی خلاف ورزی ہے اور قواعد کے مطابق سخت محکمہ جاتی کارروائی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کو پیش کیے گئے معاملات میں ضروری ہدایات جاری کی جائیں اور پہلے سے جاری احکامات پر سختی سے عمل کرایا جائے۔ اگر کسی بھی سطح پر غفلت پائی جائے تو متعلقہ افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ ایسی حرکت نہ ہو۔ بیان میں جمہوریت کی بنیادی روح کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ عوامی نمائندے عوام کے اعتماد سے ایوان میں بیٹھتے ہیں اور اس اعتماد کا ہر حال میں تحفظ کیا جانا چاہیے۔ آئینی دفعات کے تحت پیش کیے گئے معاملات میں ضروری کارروائی کرنا حکومت اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ ایوان نے توقع ظاہر کی کہ انتظامی کارروائیاں مکمل شفافیت اور قواعد کے مطابق انجام دی جائیں تاکہ آئندہ کسی قسم کی غفلت یا خلاف ورزی کی نوبت نہ آئے۔ بیان میں کہا گیا کہ جمہوریت کے استحکام کے لیے ضروری ہے کہ تمام آئینی ادارے اپنی حدود میں رہتے ہوئے عوامی اعتماد کو اولین ترجیح دیں۔ اسپیکر نے کہا کہ ایوان میں بیٹھنے والے تمام اراکین "ہم ہندوستان کے لوگ" کی نمائندگی کرتے ہیں اور ایوان میں ہونے والی بحث، قراردادیں اور منظور شدہ تحریکیں آئینی عمل کا حصہ ہیں، اس لیے ان پر عمل درآمد یقینی بنانا آئینی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایوان میں کیے گئے فیصلوں کا مکمل احترام کیا جانا چاہیے اور تمام اراکین کو عاملہ اور عدلیہ کے وقار کا احترام کرتے ہوئے انہیں اپنی آئینی حدود میں کام کرنا چاہیے۔ بیان میں جمہوری اداروں کے درمیان توازن اور باہمی احترام کو جمہوریت کی مضبوطی کے لیے ضروری قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ عوام کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور اداروں کے وقار کا تحفظ ہی مضبوط جمہوریت کی بنیاد ہے۔ آخر میں ستیش مہانا نے وزیرِ پارلیمانی امور سے درخواست کی کہ وہ اس معاملے پر حکومتی سطح پر ضروری ہدایات جاری کریں اور پہلے سے جاری شدہ احکامات پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے سخت احکامات صادر کریں۔ بیان میں زور دیا گیا کہ حکومتی فیصلوں پر موثر عمل درآمد ہی جمہوری نظام پر عوام کے اعتماد کو مضبوط بناتا ہے۔ منگل کو اترپردیش ودھان سبھا کے اجلاس کے دوران عاملہ اور عوامی نمائندوں کے تعلقات کے مسئلے پر ایوان میں گرما گرم بحث بھی ہوئی۔ قائدِ حزبِ اختلاف ماتا پرساد پانڈے نے الزام لگایا کہ افسران عوامی نمائندوں کی کال تک نہیں اٹھاتے اور بروکری میں مصروف رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عاملہ کا مقننہ پر غلبہ جمہوری نظام کے لیے مناسب نہیں اور اس سلسلے میں ایوان کی مداخلت کی ضرورت ہے۔

## یوپی میں 10 ایکوٹورازم مقامات نجی شعبے کے حوالے کرنے کا فیصلہ

لکھنؤ، 18 فروری (یو این آئی) اترپردیش حکومت نے ریاست میں گرین ٹورازم کو فروغ دینے کے لیے 10 ایکوٹورازم مقامات نجی آپریٹروں کے لیے کھولنے کا اعلان کیا ہے، جسے پائیدار اور سرمایہ کاری پر مبنی سیاحت کی جانب اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ اترپردیش ایکوٹورازم ڈیولپمنٹ بورڈ نے ریاست کے 10 نمایاں قدرتی سیاحتی مقامات کے آپریشن اور انتظام کے لیے اہل اداروں، کمپنیوں اور تجربہ کار ایجنسیوں سے تجاویز طلب کی ہیں۔ اس اقدام کا مقصد قدرتی سیاحتی وسائل کا پیشہ ورانہ انتظام، طویل مدتی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی، خدمات کے معیار میں بہتری اور ماحولیاتی پائیداری کو یقینی بنانا ہے۔ ریاستی وزیر سیاحت وثقافت جیویر سنگھ نے بدھ کو بتایا کہ منتخب ایجنسیوں کو ابتدائی طور پر 15 سال کے لیے ایکوٹورازم منصوبوں کا آپریشن سونپا جائے گا، جس میں اطمینان بخش کارکردگی کی بنیاد پر توسیع بھی کی جا سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ماحول دوست سیاحت کے فروغ کے لیے مضبوط اور ادارہ جاتی ڈھانچہ قائم ہوگا، مقامی برادریوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور قدرتی وسائل کا متوازن تحفظ ممکن ہوگا۔ اس اسکیم کے تحت جن مقامات کے لیے تجاویز طلب کی گئی ہیں ان میں اُدھیلا جھیل (اجودھیا)، کرکراول آبشار بندراؤن (للت پور)، بگھار جھیل (بارہ بنکی)، میریٹار گاؤں (بلیا)، اجے پور جھیل (سیتاپور)، دیودہ سائٹ (مہاراج گنج)، رام پور سوہرونا جھیل (کشی نگر)، رام نگر (چترکوٹ)، پچنادا (جالون) اور باندہ ضلع کی نرائنی تحصیل میں قلعہ کالنجر کے نزدیک سیاحتی سہولت مرکز شامل ہیں۔ تمام منصوبے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) ماڈل کے تحت تیار اور چلائے جائیں گے۔ دلچسپی رکھنے والے درخواست دہندگان کو مقررہ رہنما خطوط اور اہلیت کے معیار کے مطابق اپنی تجاویز مقررہ مدت کے اندر جمع کرانی ہوں گی۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 27 فروری 2026 شام 6 بجے تک مقرر کی گئی ہے۔ وزیر نے کہا کہ قدرتی وسائل، حیاتیاتی تنوع اور ثقافتی وراثت سے مالا مال اترپردیش میں ایکوٹورازم کے بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مقصد صرف سیاحت میں اضافہ نہیں بلکہ ماحول کو ترجیح دیتے ہوئے ذمہ دار اور پائیدار ماڈل قائم کرنا ہے۔ اس اقدام سے طویل مدتی سرمایہ کاری اور جدید بنیادی ڈھانچے کی ترقی متوقع ہے، جس سے ریاست ایک نمایاں ایکوٹورازم منزل کے طور پر ابھر سکے گی۔

# یوپی بورڈ امتحانات کا آغاز، 8033 سینٹروں پر 53 لاکھ امیدوار؛ نقل روکنے کے لیے سخت نگرانی

## پہلے دن طالبات پر کی گئیں پھولوں کی پتیاں نچھاور، وارانسی کے 117 مراکز پر امتحانات شروع



لکھنؤ: 18 فروری (پی این ایس) اترپردیش بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے 2026 ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ بورڈ کے امتحانات 18 فروری (آج) سے 12 مارچ 2026 تک منعقد ہوں گے۔ ان امتحانات کے لیے اس سال 53,37,778 امیدوار رجسٹرڈ ہیں، جن میں 27,61,696 ہائی اسکول اور 25,76,082 انٹرمیڈیٹ کے طلباء وطالبات شامل ہیں۔ امتحانات کو مکمل طور پر منصفانہ، شفاف اور منظم طریقے سے منعقد کرنے کے لیے ریاست بھر میں 8,033 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں، جن میں 596 سرکاری اسکول، 3,453 غیر سرکاری امداد یافتہ اور 3,984 سیلف فنانس اسکول شامل ہیں۔ ثانوی تعلیم کی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) گلاب دیوی نے امتحانات سے قبل منگل کو ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (سیکنڈری) لکھنؤ کیمپ آفس میں قائم ریاستی سطح کے کنٹرول روم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس سال کے امتحانی نظام کو مکمل طور پر ٹیکنالوجی پر مبنی اور شفاف بنایا گیا ہے۔ 18 اضلاع کو حساس قرار دیا گیا ہے جبکہ ?? 222 امتحانی مراکز کو انتہائی حساس اور 683 کو حساس قرار دیا گیا ہے۔ اسپیشل ٹاسک فورس (ایس ٹی ایف) اور مقامی انٹیلی جنس یونٹ امتحان کے دوران ان مراکز پر مستعد رہیں گی اور انتہائی حساس مراکز کا روزانہ دو مرتبہ معائنہ کو یقینی بنایا گیا ہے۔ امتحان کی نگرانی کے لیے ہر امتحان کمرے میں وائس ریکارڈر کے ساتھ دو سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے گئے ہیں، ساتھ ہی ایک راؤٹر، ڈی وی آر اور ہائی اسپیڈ انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرائی گئی ہے۔ امتحان کی پوری مدت ویب کاسٹنگ کے ذریعے لائیو مانیٹر کی جائے گی۔ امتحانی مراکز میں اسٹرانگ رومز 24x7 سی سی ٹی وی نگرانی کے تحت ہوں گے۔ اس کے علاوہ تمام 75 اضلاع میں ہر امتحانی مرکز میں اسٹرانگ رومز، سوالیہ پرچوں کی تقسیم کرنے والے کمروں اور جوابی کاپیوں کی سیلنگ، پیک روم کی بھی آن لائن نگرانی کی جائے گی۔

یوپی بورڈ کے ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات آج بدھ سے شروع ہوئے۔ 18 فروری سے 12 مارچ (23 دن) تک جاری رہنے والے امتحانات کے لیے 277,92 امیدوار 117 مراکز پر حاضر ہوں گے۔ پہلے دن 10 ویں اور 12 ویں جماعت کے طلبہ کے ہندی امتحان ہو رہے ہیں۔ سینٹرل جیل میں ایک سنٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ مراکز کی سی سی ٹی وی کیمروں سے نگرانی کی جائے گی۔ سٹیٹک مجسٹریٹ بھی تعینات کیے گئے ہیں۔ تمام مراکز پر پولیس اہلکار بھی موجود ہیں۔

# یونٹی پی جی کالج میں ہفت روزہ NSS خصوصی کیمپ کا اختتام




یونٹی پی۔جی۔کالج، جسٹس مرتضیٰ حسین روڈ، سیکٹر بی۔ بسنت کنج، آئی۔آئی۔ایم۔ بائی پاس روڈ، لکھنؤ میں ہفت روزہ NSS خصوصی کیمپ کا اختتامی پروگرام منعقد ہوا۔ FAH اسپتال کے ایم۔ڈی۔ ڈاکٹر احمد رضا خان مہمان خصوصی تھے۔ انکے علاوہ لکھنؤ یونیورسٹی کے Zoology شعبہ کے ڈاکٹر منوج کمار بھی موجود تھے۔ پروگرام کے آفیسر ڈاکٹر گیانیش کمار دھوریا نے خصوصی پروگرام کی رپورٹ پیش کی۔ کالج کی کوآرڈینیٹر محترمہ اسما جاوید نے مہمانوں کو گلدستے پیش کیے۔ طلبہ نے Save Our Heritage عنوان سے نکڑ ناٹک پیش کیا، جو کافی مقبول رہا۔ مہمان خصوصی نے کامیاب مرد وعورت والنٹیئر کو انعامات دیے۔ اس پروگرام کے آخر میں کالج کے پرنسپل نے سب کا شکریہ ادا کیا۔ سبھی این۔ایس۔ایس والنٹیئر کے علاوہ اساتذہ میں ڈاکٹر دینا رفاطمہ، ڈاکٹر شمسی اکبر، ڈاکٹر شیلی پانڈے، ڈاکٹر خورشید جمیل، جناب وی۔پی۔سنگھ، جناب علی ظہیر رضوی، چیف پراکٹر جناب ابصار انصاری بھی موجود تھے۔

# سڑک حادثے میں نانا-نواسے کی موت

سلطانپور 18 فروری (یو این آئی) اترپردیش کے ضلع سلطانپور کے کوتوالی دیہات علاقے میں بدھ کی دوپہر پریاگ راج-اجودھیا ہائی وے پر پیش آئے ایک خوفناک سڑک حادثے میں نانا-نواسے کی موت ہوگئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق کوتوالی دیہات تھانہ علاقے کے اہیمانے بازار کے نزدیک تیواری پور کے رہائشی اروند شریواستو اپنے نواسے شریانس شریواستو عرف چاہت کے ساتھ موٹر سائیکل پر جا رہے تھے۔ پرائمری اسکول کے نزدیک پیچھے سے آ رہی روڈویز بس نے ان کی موٹر سائیکل کو زوردار ٹکر ماردی۔ ٹکر اتنی شدید تھی کہ موٹر سائیکل بری طرح تباہ ہوگئی اور دونوں سڑک پر دور جا گرے۔ مقامی لوگوں کی مدد سے دونوں کو فوری طور پر سرکاری میڈیکل کالج پہنچایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔ بتایا گیا کہ شریانس ضلع امیٹھی کے پورے لالا رام پرساد گاؤں کے رہائشی تھے۔ پولیس نے دونوں لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج کر قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

# ضرورت مندوں کی دل کھول کر مدد کی جائے: مفتی ابوالعرفان

## محمدی مشن کی جانب سے ضرورت مندوں میں وظیفہ، گرم شال، شیرینی تقسیم




لکھنؤ 8 فروری (پریس ریلیز) رمضان المبارک کے موقع پر آل انڈیا محمدی مشن کی جانب سے مفتی ابوالعرفان میاں فرنگی محلی سرپرست اعلیٰ ال انڈیا محمدی مشن کی سرپرستی وسید اقبال ہاشمی قومی صدر محمدی مشن کی صدارت میں وظیفہ ※ گرم شال، شیرینی تقسیم کی گئی۔ مفتی ابوالعرفان میاں فرنگی محلی سرپرست ال انڈیا محمدی مشن نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ خدمت خلق بہترین عبادت ہے۔ مخلوق خدا کی خدمت انسانی اخلاق کا اعلیٰ جوہر ہے۔ جو انسان بندگان خدا کی خدمت کرتا ہے، اللہ رب العزت کے نزدیک اس کا مقام ومرتبہ بلند ہو جاتا ہے۔ خدمت خلق کی مہم قابل تعریف ہے۔ موجودہ حالات میں عوام الناس مختلف پریشانیوں میں جتلا ہیں۔ ان حالات میں غریب اور نادار افراد تک کھانے پینے کی اشیا پہنچانا بڑے اجر وثواب کا کام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان میں ہر نیکی کا ستر گنا اجر ملتا ہے۔ مہمان خصوصی شیلا حق جنرل سیکرٹری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اولڈ بوائز ایسوسیشن نے اپنے خصوصی بیان میں فرمایا کہ محمدی مشن کے ساتھ مل کر میڈیکل کیمپ کے اہتمام کے ساتھ ساتھ مچھلی محال میں ضرورت مندوں کے لیے انگلش، سائنس کوچنگ سینٹر اور سلائی مشین سینٹر قائم کیا گیا ہے جس سے ضرورت مند خواتین کی ضرورت بھی پوری ہو اور روزگار کے راستے بھی کھلیں گے۔ سید اقبال ہاشمی قومی صدر آل انڈیا محمدی مشن نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ بہت سے غریب ومزدور جن کا گھر یومیہ مزدوری سے چلتا تھا، ان کے ساتھ مسائل ہیں۔ ایسے بہت سے گھروں میں معذوری ایک کے باعث فاقہ کی نوبت ہے۔ ایسے لوگوں کا خیال رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ سید اقبال ہاشمی صاحب نے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صاحب ثروت افراد آگے آکر پریشان حال لوگوں کی دل کھول کر مدد کریں۔ واضح رہے آل انڈیا محمدی مشن نے شہر کے مختلف علاقوں میں میڈیکل کیمپ لگا کر، رمضان کٹس تقسیم کر و مختلف ذرائع سے خدمات انجام دے رہا ہے۔ فیضان فرنگی محلی ایڈوکیٹ یوتھ صدر محمدی مشن نے اپنے خطاب میں کہا کہ تمام حضرات اپنے بچوں کو زیادہ سے زیادہ تعلیم دلائیں جہاں ضرورت ہوگی وہاں مشن کے ساتھ ساتھ دوسری تنظیموں کے ساتھ مل کر مدد کریں گے یہ بے روزگاری تبھی ختم ہوگی جب ہمارے بچے تعلیم یافتہ ہو کر اپنے پیروں پر کھڑے ہو کر سماج کو آگے بڑھائیں گے تبھی ہمارے سماج کے ساتھ ساتھ ملک کی بھی ترقی ہوگی یہی وقت کی ضرورت ہے اور ہماری اپیل بھی۔ اس موقع پر ڈاکٹر افتاب ہاشمی صاحب، سلیم ازادکی، محمد فہیم صدیقی، محمد راشد، ایڈووکیٹ فیضانِ فرنگی محلی وغیرہ خاص طور سے موجود رہے۔

# تعلیم کے ساتھ کھیلوں کو فروغ دینا اولین ترجیح: ڈاکٹر نلنی مشرا

## خواجہ یونیورسٹی کی جانب سے گود لیے گئے گاؤں ڈگریا کے سرکاری اسکول میں طلبہ کو مفت کھیل کا سامان تقسیم




لکھنؤ، 18 فروری 2026: خواجہ معین الدین چشتی لینگویج یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام وائس چانسلر پروفیسر اجے تنیجا کی ہدایت پر، یونیورسٹی اور راجندر سنگھ سیوا سنستھان، بہرائچ کے اشتراک سے یونیورسٹی کی جانب سے گود لیے گئے گاؤں ڈگریا کے سرکاری اسکول میں طلبہ وطالبات کے لیے مفت کھیل کا سامان تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر سماجی خدمت گار ڈاکٹر مونیکا تنیجا نے خصوصی طور پر شرکت کی اور اسکول کے بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کھیل کود کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کے لیے ضروری ہیں بلکہ ذہنی نشوونما، نظم و ضبط، ٹیم ورک اور خود اعتمادی کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ آج کے دور میں بچوں کو موبائل اور اسکرین سے دور رکھ کر کھیلوں کی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کھیل کے ذریعے بچے صحت مند، متحرک اور مثبت سوچ کے حامل بنتے ہیں۔ انھوں نے طلبہ کو صحت مند طرزِ زندگی اپنانے اور روزانہ کھیل کو اپنی معمولات زندگی کا حصہ بنانے کی تلقین کی۔ اس پروگرام کی روحِ رواں اور نیشنل سروس اسکیم (این ایس ایس) کی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر نلنی مشرا نے کھیل کے سامان کی فراہمی اور کھیلوں کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کی ہمہ جہت نشوونما کے لیے کھیل نہایت ضروری ہیں۔ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کو بہتر بناتے ہیں بلکہ ذہنی توازن، خود اعتمادی، نظم وضبط اور اجتماعی شعور کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ یونیورسٹی کی جانب سے گود لیے گئے دیہات میں تعلیم کے ساتھ ساتھ سماجی اور تعمیری سرگرمیوں کو فروغ دینا ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ دیہی علاقوں کے بچوں کو بہتر تعلیمی اور عملی مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مستقبل میں بھی اس طرح کے فلاحی اور تعلیمی پروگرام مسلسل جاری رہیں گے۔ اس پروگرام کو کامیاب بنانے میں راجندر سنگھ سیوا سنستھان کے سکریٹری ڈاکٹر اروند بہادر سنگھ، این ایس ایس پروگرام آفیسرس ڈاکٹر رام داس، ڈاکٹر دھیریندر سنگھ، ڈاکٹر تنیش سنگھ، ڈاکٹر راشی، ڈاکٹر عرفان، ڈاکٹر آشیش شاہی، ڈاکٹر کرشن مکند اور ڈاکٹر صائمہ علیم نے اہم کردار ادا کیا۔ اس موقع پر این ایس ایس کے رضا کاروں نے اسکول کے بچوں کے ساتھ مختلف کھیلوں کو کھیلا اور ساتھ ہی ساتھ اس کی ضرورت اور اہمیت کو ان اسکولی بچوں کے ذہنوں میں جاگزیں کرنے کی کوشش کی تاکہ ان کی دلچسپی کئی سطحوں پر قائم رہ سکے۔ اس موقع پر اسکول کے طلبہ وطالبات نے نظم اور کہانی کی خوبصورت پیش کش کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا۔ پورا پروگرام جوش وخروش اور ولولۂ عمل سے بھرپور رہا۔ آخر میں ڈاکٹر رام داس نے شکریے کے کلمات ادا کیا۔

# فارم 7 کے غلط استعمال پر سماج وادی پارٹی برہم

## لکھنؤ میں الیکشن کمیشن سے شکایت

لکھنؤ: 18 فروری (پی این ایس) سماج وادی پارٹی کا ایک وفد بدھ کو الیکشن کمیشن کے دفتر پہنچا، نظرثانی کے عمل کے دوران فارم- 7 کے سلسلے میں چیف الیکٹورل آفیسر رندیپ رنوا سے ملاقات کی۔ وفد میں آر کے ورما، پنکج ملک، کمال اختر اور محمد فہیم سمیت کئی ایم ایل ایز موجود تھے۔ ایس پی ایم ایل اے آر کے ورما نے الزام لگایا کہ قومی صدر کے ذریعہ الیکشن کمیشن سے ملاقات کے لئے بھیجے گئے وفد کا پورے اترپردیش میں نظرثانی کے عمل (SIR) کے دوران بی جے پی کارکنوں کے ذریعہ غلط استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ فارم 7 کو فرضی چھپوا کر پسماندہ، دلت اور اقلیتی برادریوں کے ووٹروں کے ناموں کو حذف کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے پوچھا، ہر اسمبلی حلقہ میں جاری کردہ 30,000 سے 100,000 بغیر نقشہ سازی کے نوٹس پر کارروائی کرنے میں بی ایل او کو کتنے دن لگیں گے؟ کسی ایک اسمبلی حلقے میں 50,000 سے 100,000 نون میپنگ نوٹسز کو تحصیلوں میں کیسے سنا جا سکتا ہے؟ فرض کریں ایک تحصیل میں دو اسمبلی حلقے ہوں تو اتنے کم وقت میں دو لاکھ افراد کی سماعت کیسے ہو سکتی ہے؟ انہوں نے کہا کہ آج ہم نے ان لوگوں کے ناموں کے ثبوت فراہم کیے جو متعدد مقامات پر درج ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ جعلسازی کے ذریعے ہمارے ووٹروں اور حامیوں کے نام مٹانے کی سازش کرنے والوں نے ثبوتوں کے ساتھ دستاویزات جمع کرائے ہیں جو لوگ تحصیلوں میں بہت زیادہ ہجوم کی وجہ سے تحصیلوں کا دورہ کرتے ہیں، انہیں یہ سہولت فراہم کی جائے کہ وہ الیکشن کمیشن کی جانب سے بغیر نقشہ سازی کے لیے درخواست کردہ ریکارڈ کو ان کی اپنی جگہوں، یعنی گرام پنچایتوں میں تیار کریں۔ تحصیلوں کا دورہ کرنے کی ضرورت کو ختم کرتے ہوئے گرام پنچایتوں میں سماعت کی سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جو اہلکار متعلقہ سرٹیفکیٹ جاری کرنے سے گریزاں ہیں انہیں واضح ہدایات دی جائیں ورنہ ان کے خلاف کارروائی کی جائے اور انہیں ہٹا دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ وہ تمام نکات سے متفق ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن اس وقت کہہ رہا ہے کہ وہ ان کی تمام تجاویز کو قبول کرتا ہے۔ ایس پی ایم ایل اے سنگرام یادو نے یہ بھی کہا کہ انتخابی افسر نے ان کے تمام خدشات کو سنجیدگی سے سنا اور ان کی تجاویز پر غور کرنے کا یقین دلایا۔

## بی جے پی کارکنان کو منظم و نظریاتی تربیت فراہم کرتی ہے: دیویش کوری

کانپور 18 فروری (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ریاستی نائب صدر دیویش کوری نے بدھ کو کہا کہ ملک میں الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ 137 سیاسی جماعتوں میں سے چند ہی قومی جماعتیں ہیں، تاہم بی جے پی واحد ایسی جماعت ہے جو اپنے کارکنان کو باقاعدہ، منظم اور نظریاتی تربیت فراہم کرتی ہے۔ بی جے پی کانپور کی جانب سے پنڈت دین دیال اپادھیائے تربیتی مہم کے تحت کیشو پورم واقع گارڈن والا میں منعقدہ ایک روزہ ورکشاپ میں ضلع صدر انیل دکشت نے تمہیدی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تربیت کسی بھی تنظیم کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارکن ہی پارٹی کی اصل طاقت ہیں اور نظریاتی، تنظیمی اور عملی تربیت کے ذریعے ہی تنظیم مضبوط بنتی ہے۔

## پیار کی شادی کے بعد جوڑا سیکورٹی کے مطالبے کے ساتھ ایس پی دفتر پہنچا

مین پوری 18 فروری (یو این آئی) اترپردیش کے ضلع مین پوری کے کشنی تھانہ علاقے میں ایک نوجوان جوڑے نے پسند کی شادی کرنے کے بعد لڑکی کی سیکورٹی کے لئے ایس پی دفتر پہنچ گئی۔ ایک ہی گاؤں کے رہنے والے دونوں نے آریہ سماج مندر میں مذہبی رسومات کے ساتھ شادی کر لی۔ شادی کے بعد لڑکی نے اپنے اہل خانہ سے جان کا خطرہ ظاہر کرتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کے دفتر پہنچ کر سیکورٹی فراہم کرنے کی درخواست کی ہے۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کو دی گئی تحریر میں لڑکی نے بتایا کہ وہ 12 فروری کی رات تقریباً ایک بجے اپنی مرضی سے گھر چھوڑ کر گئی تھی۔ اس نے واضح کیا کہ وہ اور اس کا شوہر دونوں بالغ ہیں اور اپنی رضامندی سے شادی کی ہے۔